# بین الاقوامی تحفظ
## قانونی امداد تک رسائی

**اگر آپ بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست دے رہے ہیں، تو یہ جان لینا ضروری ہے کہ 12 جون 2026 سے آئرلینڈ میں بین الاقوامی تحفظ سے متعلق قانون میں تبدیلی کے بعد نئے ضوابط نافذ ہوچکے ہیں۔**

یہ جاننا نہایت ضروری ہے کہ اگر آپ 12 جون 2026 کے بعد بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست دے رہے ہیں، تو:

1. آپ قانونی مشاورت حاصل کرنے کے حق دار ہیں:
2. آپ قانونی امداد کے لیے درخواست دینے کے بھی حق دار ہیں۔

یہ دونوں خدمات لیگل ایڈ بورڈ کی جانب سے فراہم کی جاتی ہیں۔

## قانونی مشاورت کیا ہے؟

قانونی مشاورت آپ کو آپ کی درخواست کی جانچ کے طریقۂ کار کے بارے میں عمومی معلومات اور رہنمائی فراہم کرتی ہے۔

یہ آپ کو جانچ کے عمل کے دوران آپ کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں بھی رہنمائی فراہم کرتی ہے، اور بین الاقوامی تحفظ کے لیے تحریری درخواست مکمل کرنے کے سلسلے میں بھی آپ کی رہنمائی کرتی ہے۔

**قانونی مشاورت، قانونی مشورہ نہیں ہوتی۔**

## اگر میں قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہوں تو کیا کروں؟

'قانونی امداد' کے دائرۂ کار میں قانونی مشورہ اور قانونی نمائندگی، دونوں شامل ہیں۔ قانونی مشورہ حاصل کرنے کے لیے، آپ قانونی امداد کی درخواست دے سکتے ہیں۔

آپ درخواست کے عمل کے دوران رہنمائی حاصل کرنے اور انٹرویو کے لیے مؤثر تیاری کرنے کے لیے مدد حاصل کرنے کی غرض سے قانونی مشورے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر منفی فیصلہ صادر ہو جائے اور آپ اس فیصلے کے خلاف اپیل کرنا چاہیں، تو قانونی امداد میں قانونی نمائندگی بھی شامل ہوتی ہے۔

## قانونی امداد کے لیے میں کیسے درخواست دوں؟

آپ بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کے پورے عمل کے دوران، ہر مرحلے پر قانونی امداد کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

قانونی امداد سے متعلق درخواست دینے کے لیے، آپ درج ذیل میں سے کسی ایک طریقے کو اپنا سکتے ہیں:

1. قانونی امداد کے لیے درخواست، سٹی ویسٹ ریسیپشن سینٹر میں موجود لیگل ایڈ بورڈ کی سٹی ویسٹ قانونی مشاورتی سروس میں جمع کرائیں، جہاں آپ بین الاقوامی تحفظ کے لیے اپنی درخواست دیتے ہیں؛ یا
2. یا اس کے لیے لیگل ایڈ بورڈ کے بین الاقوامی تحفظ کے قانون سے متعلق کسی بھی خصوصی قانونی مرکز سے رابطہ کریں۔



لیگل ایڈ بورڈ کے بین الاقوامی تحفظ کے قانون سے متعلق خصوصی قانونی مراکز کی رابطہ معلومات حاصل کرنے کے لیے، لیگل ایڈ بورڈ کی ویب سائٹ دیکھیں۔

Coimisiún na hÉireann um Chearta an Duine agus Comhionannas
Irish Human Rights and Equality Commission